حضرت عائشہ کا پڑوسن سے چراغ کے لئے تیل لینا

ای میل پر سوال آیا ہے:

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

امید ہے کہ آنجناب عافیت سے ہونگے۔ بندہ آپ کے مضامین پڑھتا رہتا ہے، ماشااللہ بہت ہی مفید ہیں ،زادک اللہ علما۔

بندہ اس بات کی تلاش میں تھا کہ صاحب (رحیق المختوم) نے لکھا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتقال سے پہلی والی رات کو عائشہ رضی اللہ عنہا نے پڑوسی سے چراغ کے لئے بطور قرض تیل لیا ،اس لئے کہ گھر میں تیل نہیں تھا۔

اس کا حوالہ مطلوب ہے کیا یہ حدیث ہے؟ شکریہ

الجواب:

صاحب (الرحیق المختوم) کی عبارت (ص: ۴۲۹) یہ ہے:

وقبل يوم من الوفاة- يوم الأحد- أعتق النبيّ صلى الله عليه وسلم غلمانه، وتصدق بسبعة دنانير كانت عنده، ووهب للمسلمين أسلحته، وفي الليل استعارت عائشة الزيت للمصباح من جارتها.

مگر کوئی حوالہ نہیں دیا، تو اسی عبارت کو لیکر شاملہ میں سرچ کیا، تو معلوم ہوا کہ اصل عبارت مبارکپوری صاحب (رحمۃللعالمین ص: ۲۲۸) سے ماخوذ ہے: وفي مساء ذلك اليوم (الليلة الأخيرة) استعارت

الصديقة عائشة زيت المصباح من إحدى جاراتها . وفي موضع آخر (ص: ٢٤٧) : ولما احتضر النبي صلى الله عليه وسلم استعارت عائشة زيت السراج من إحدى جاراتها .

مبارکپوری نے (رحمۃللعالمین) میں یہاں بخاری شریف کا حوالہ دیا، وہاں جاکر دیکھا تو یہ جزئیہ حدیث میں نہیں ملا۔

پھر تلاش کرنے پر ابن رجب کا (لطائف المعارف ص: 106) کا حوالہ ملا، وہاں پر عبارت اس طرح ہے:

ولم يكن عندهم في مرضه دهنٌ للمصباح يوقَد فيه ، فلما اشتد وجعُه ليلة الاثنين أرسلت عائشةُ بالمصباح إلى امرأة من النساء فقالت : قَطِّري لنا في مصباحنا من عُكَّة السَّمن ، فإن رسول الله صلى الله عليه وسلم أمسى في جَدِيد الموت .

ابن رجب کی عبارت کی متانت سے ڈھارس بندھی کہ ضرور اس کا حوالہ ہوگا۔ چنانچہ لفظ (جديد الموت) کے ذریعے تلاش کیا تو دو کتابوں میں مل گیا، والحمد للہ۔

قال ابن سعد في (الطبقات الكبرى ٢/ ٢٣٩) :

أَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، أَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: " كَانَتْ عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صلّى الله عليه وسلم سَبْعَةُ دَنَانِيرَ وَضَعَهَا عِنْدَ عَائِشَةَ، فَلَمَّا كَانَ فِي مَرَضِهِ قَالَ: «يَا عَائِشَةُ، ابْعَثِي بِالذَّهَبِ إِلَى عَلِيٍّ» ، ثُمَّ أُغْمِيَ عَلَى رَسُولِ اللهِ صلّى الله عليه وسلم وَشَغَلَ عَائِشَةَ مَا بِهِ، حَتَّى قَالَ ذَلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، كُلَّ ذَلِكَ يُغْمَى عَلَى رَسُولِ اللهِ صلّى الله عليه وسلم وَيَشْغَلُ عَائِشَةَ مَا بِهِ، فَبَعَثَتْ، يَعْنِي بِهِ، إِلَى عَلِيٍّ فَتَصَدَّقَ بِهِ، ثُمَّ أَمْسَى رَسُولُ اللهِ صلّى الله عليه وسلم لَيْلَةَ الِاثْنَيْنِ فِي جَدِيدِ الْمَوْتِ، **فَأَرْسَلَتْ عَائِشَةُ إِلَى امْرَأَةٍ مِنَ**

النِّسَاءِ بِمِصْبَاحِهَا، فَقَالَتْ: أُقْطُرِي لَنَا فِي مِصْبَاحِنَا مِنْ عُكَّتِكِ السَّمْنَ، فَإِنَّ رَسُولَ اللهِ أَمْسَى فِي جَدِيدِ الْمَوْتِ " .

وفي (المعجم الكبير للطبراني٦/ ١٩٨) :

٥٩٩٠ - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَتْ عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَةُ دَنَانِيرَ وَضَعَهَا عِنْدَ عَائِشَةَ، فَلَمَّا كَانَ عِنْدَ مَرَضِهِ، قَالَ: «يَا عَائِشَةُ اذْهَبِي بِالذَّهَبِ إِلَى عَلِيٍّ» ، ثُمَّ أُغْمِيَ عَلَيْهِ، وَشَغَلَ عَائِشَةَ مَا بِهِ، حَتَّى قَالَ ذَلِكَ مِرَارًا، كُلَّ ذَلِكَ يُغْمَى عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ويَشْغَلُ عَائِشَةَ مَا بِهِ، فَبَعَثَ بِهِ إِلَى عَلِيٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، فَتَصَدَّقَ بِهَا، وَأَمْسَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الِاثْنَيْنِ فِي جَدِيدِ الْمَوْتِ، **فَأَرْسَلَتْ عَائِشَةُ بِمِصْباحٍ لَهَا إِلَى امْرَأَةٍ مِنْ نِسَائِهَا، فَقَالَتْ: اهْدِي لَنَا فِي مِصْباحِنَا مِنْ عُكَكِ السَّمْنِ، فَإِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمْسَى فِي جَدِيدِ الْمَوْتِ** .

فالحمد لله على عونه وتوفيقه

كتبه العاجز : محمد طلحة بلال أحمد منيار

15/7/2020